Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

VacSwim اکتوبر کے پروگرام

حقائق نامہ

VacSwim اکتوبر اور موسم گرما کی اسکول کی چھٹیوں میں تیراکی کی دلچسپی سے بھرپور کلاسوں کی پیشکش کرتا ہے۔ اس کا مقصد پورے مغربی آسٹریلیا میں بچوں کو پانی میں محفوظ اور پراعتماد رہنے کی مہارتیں فراہم کرنا ہے۔

کون داخلہ لے سکتا ہے؟

5 سے 17 سال کی عمر کے بچے تیراکی کے مراحل 1 سے 16 میں داخل ہو سکتے ہیں۔

مخصوص مرحلے کی معلومات کے لیے، ہماری ویب سائٹ سے رجوع کریں۔

داخلے کب کھلتے ہیں اور کب بند ہوتے ہیں؟

داخلے بدھ 17 جولائی 2024 سے شروع ہو رہے ہیں۔

داخلے بدھ 14 اگست 2024 کو بند ہو جائیں گے۔

داخلہ کیسے کروایا جائے؟

داخلے کا سب سے آسان طریقہ ہماری ویب سائٹ پر آن لائن ہے۔

آپ ایک داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔ فارم مکمل کرنے کے بعد، اسے پرنٹ کریں اور اندراج کی آخری تاریخ تک ہمیں میل کر دیں۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

VacSwim
Department of Education
Statewide Services Centre
33 Giles Avenue
Padbury WA 6025

اکتوبر پروگرام پر کتنے اخراجات آتے ہیں؟

پروگرام	ایک بچے کی فیس	ایک بچے کے لیے رعایتی فیس	فیملی فیس*	فیملی* کے لیے رعایتی فیس*
اکتوبر پروگرام	$32.00	$20.50	$85.50	$57.00
اکتوبر کا مختصر پروگرام	$16.50	$11.50	$43.50	$29.00

* فیملی کے داخلے میں ایک ہی پتے پر رہنے والے تین یا تین سے زیادہ بچے شامل ہیں۔

ان فیسوں میں بچوں یا نگرانی والے بالغوں کا پول (pool) میں داخلہ شامل نہیں ہے۔

CC BY

رعایت حاصل کرنے کا اہل کون ہے؟

جس کسی کے پاس مندرجہ ذیل رعایتی کارڈوں میں سے کوئی ایک کارڈ ہو:

- کمپینِین کارڈ
- کامن ویلتھ سینئرز ہیلتھ کارڈ
- ڈیپارٹمنٹ آف ویٹرن افیئرز (گولڈ، وائٹ، اورنج)
- ہیلتھ کیئر کارڈ
- اسٹیٹ سے باہر کا سینئرز کارڈ
- پنشنر رعایتی کارڈ
- اسٹیٹ رعایتی کارڈ
- WA سینئرز کارڈ

کلاسز کب سے ہیں؟

اکتوبر پروگرام بدھ 25 ستمبر سے جمعہ 4 اکتوبر 2024 تک 8 دنوں کے لیے چلایا جائے گا۔

اکتوبر کا مختصر پروگرام پیر 30 ستمبر سے جمعہ 4 اکتوبر 2024 تک 5 دنوں کے لیے چلایا جائے گا۔

کلاسز کتنے بجے سے ہیں؟

اکتوبر پروگرام زیادہ تر مقامات پر صبح کے وقت ہوتا ہے۔

اکتوبر کا مختصر پروگرام دوپہر میں، عام طور پر دوپہر 12:25 سے 3:25 بجے تک چلتا ہے۔

مقام کے لحاظ سے کلاس کے اوقات مختلف ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ دیکھیں۔

کلاسز کتنی دیر تک چلتی ہیں؟

اکتوبر پروگرام کی کلاسز 45 منٹ کی ہوتی ہیں۔

اکتوبر کے مختصر پروگرام کی کلاسز 35 منٹ کی ہوتی ہیں۔

میں VacSwim کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ ہماری ویب سائٹ education.wa.edu.au/vacswim پر جا سکتے ہیں، ہمیں vacswim@education.wa.edu.au پر ای میل کر سکتے ہیں یا 6412 9402 (08) پر کال کر سکتے ہیں۔